NHS
North East London

# سکینڈری
# ویکسینیسن
# فلو کی
# ویکسین

## ویکسینیشن ہی آپ کا انتخاب ہے۔

ہم آپ کو معلومات دیں گے جو آپ کو چاہییں۔

مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ northeastlondonicb.nhs.uk/TeenVaccines وزٹ کریں یا QR کوڈ سکین کریں۔

## فلو ویکسین

بچوں کی فلو ویکسین فلو کے خلاف تحفظ دیتی ہے موسم خزاں میں یہ ویکسین سکول داخل ہونے والے بچوں سے لے کر 11 سال کی عمر تک دی جاتی ہے۔

## بچوں کو فلو ویکسین کیوں دی جاتی ہے؟

فلو بہت ناخوشگوار اور بعض اوقات سنگین مسئلوں کا باعث بنتا ہے۔ برطانیہ میں ہر سردیوں میں ہزاروں صحت بچوں کو فلو کی وجہ سے ہسپتال میں علاج کی ضرورت پڑ جاتی ہے۔

بچے اور نوجوانوں میں فلو تیزی سے پھیلتا ہے۔ فلو ویکسین سے دوسرے لوگوں کی حفاظت بھی ہوتی ہے جنہیں اس سے شدید بیمار ہونے کا خطرہ ہو، جیسے کہ بچے یا بڑی عمر کے لوگ۔

## ویکسین کیسے لیں؟

تربیت یافتہ ویکسینیٹرز کی ایک ٹیم آپ کے سکول کا دورہ کرے گی۔ یہ لوگ بہت تجربہ کار ہوتے ہیں اور ہر سال ہزاروں لوگوں کو ویکسین دیتے ہیں۔ ان کے آنے سے پہلے سکول کی طرف سے ایک خط آپ کو بھیجا جائے گا جس میں ویکسین کی تفصیل کے ساتھ والدین سے ان کی رضامندی پوچھی جائے گی۔ والدین یہ کام آن لائن سروے یا پیپر فارم بھر کر بھی کر سکتے ہیں۔

بعض مرتبہ آپ اسی دن ویکسینیٹر سے براہ راست بات کر کے بھی اپنی رضامندی دے سکتے ہیں۔

اگر کوئی ویکسین رہ جائے تو آپ کبھی بھی لگوا سکتے ہیں۔ آپ کو بس اپنے جی پی یا سکول کی ویکسینیشن ٹیم سے رابطہ کرنا ہے۔

## اس میں کیا ہے؟

بچوں کی فلو ویکسین ناک والے سپرے کی شکل میں دی جاتی ہے جس سے کوئی درد نہیں ہوتا۔ 2 سے 17 سال کے بچوں کے لیے یہ سب سے بہترین حفاظتی دوا ہے۔

ناک کے سپرے میں سور کے جیلاٹین (پورسین جیلاٹین جو سوروں سے آتا ہے) کی معمولی سے مقدار ہوتی ہے۔

متبادل کے طور پر یہی ویکسین انجکشن کی شکل میں بھی ہے جس میں سور کا جیلاٹین استعمال نہیں ہوتا۔

اگر آپ انجکشن والی فلو ویکسین لگوانا چاہتے ہیں تو اپنے جی پی سے یا سکول کی امیونائزیشن ٹیم سے بات کریں۔

## کیا ان کے منفی اثرات بھی ہیں؟

آپ کو فلو کی کسی ویکسین سے فلو نہیں ہو گا۔

کسی بھی دوا کی طرح ویکسین کے بھی معمولی ضمنی اثرات ہوسکتے ہیں جو زیادہ دیر تک نہیں رہیں گے ، اور بہت سے بچوں کو کسی بھی ضمنی اثرات سامنے نہیں آتے۔

ناک والے سپرے کی فلو ویکسین کے ضمنی اثرات یہ ہو سکتے ہیں:

- ناک بند ہونا یا بہنا بھوک
- کم لگنا
- تھکان سر میں
- درد

فلو ویکسین انجکشن کے ضمنی اثرات یہ ہو سکتے ہیں:

- انجکشن والی جگہ پر درد یا سوجن
- معمول سے زیادہ درجہ حرارت
- جسم میں درد

# فلو ویکسین کس حد تک کام کرتی ہے اور اس کا اثر کتنا عرصہ رہتا ہے؟

فلو ویکسین کا مقصد بچوں اور نوجوانوں کو فلو کی عام ترین اقسام سے محفوظ رکھنا ہے۔ اس بات کا امکان بھی ہے کہ ویکسین کے بعد آپ کو فلو ہو جائے لیکن آپ زیادہ بیمار نہیں ہوں گے، آپ کی پڑھائی کا حرج نہیں ہو گا اور نہ آپ ہسپتال جانے کی ضرورت ہو گی۔

فلو ویکسین سے ملنے والا تحفظ آہستہ آہستہ کم ہو جاتا ہے اور ویکسین فلو کی جن اقسام سے بچاتی ہے انہیں بھی ہر سال اپ ڈیٹ کیا جاتا ہے۔ لہذا، فلو ویکسین ہر سال لگوانا بہت ضروری ہے۔

مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائٹ **northeastlondon.icb.nhs.uk/TeenVaccines** وزٹ کریں یا QR کوڈ سکین کریں۔

**PROTECT THEIR POTENTIAL**